## سوال

(255) مسجد میں جاتے وقت عورتوں کا دھونی لینا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رمضان المبارک میں مسجد جاتے وقت بعض عورتیں خوشبودار دھونی لیتی ہیں، ہم نے انہیں ایسا کرنے سے روکا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ برائے کرم تمام خواتین کو اس کے شرعی حکم سے آگاہ فرمائیں۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسجد جاتے وقت اور مسجد کے اندر عورتوں کےلیے دھونی لینا ناجائز ہے، کیونکہ جب یہ عورتیں اپنے گھروں کو واپس لوٹیں گی تو دوسروں کےلیے فتنے کا سبب بن سکتی ہیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ نے عورتوں کو اپنے گھروں سے نکل کر مسجد میں جاتے وقت خوشبو لگانے سے منع فرمایا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

(أَيُّما امْرَأَةٍ أَصابَتْ بَخُورًا، فَلا تَشْهَدْ مَعَنَا الْعِشَاءَ الْآخِرَةَ) (ابو عوانہ 2 17)

''جس عورت نے دھونی لی ہو وہ ہمارے ساتھ عشاء کی نماز میں شریک نہ ہو۔''

نیز مسجد میں خوشبو استعمال کرنے کا بھی یہی حکم ہے، کیونکہ عورتیں مسجد سے بازار جائیں گی۔ مسجد کے علاوہ کہیں اور جانے کےلیے بھی خوشبو استعمال کرنے کا یہی حکم رکھتا ہے۔''
واللہ ولی التوفیق۔۔۔شیخ ابن باز۔۔۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ برائے خواتین

## پردہ، لباس اور زیب وزینت، صفحہ: 276